# سوال

(183) یہ حدیث منکر ہے

# جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس حدیث کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے، کیا یہ صحیح ہے یا ضعیف یا موضوع اور اگر یہ ضعیف ہے تو اس کے مطابق عمل کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟ حدیث یہ ہے کہ جس میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ ''رات یا دن کو بارہ رکعات نماز اس طرح پڑھو کہ ہر دو رکعتوں کے بعد تشہد کرو اور جب نماز کا آخری تشہد پڑھو تو اللہ تعالیٰ کی ثنا بیان کرو، نبی ﷺ پر درود پڑھو اور حالت سجدہ میں سورۂ فاتحہ سات بار، آیت الکرسی سات بار اور ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَه، لَه الْمُلْكُ وَلَه الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ'' دس بار پڑھو اور پھر یہ دعا پڑھو:

(اللهم انى اسالك بمعاقد العز من عرشك ومنتهى الرحمة من كتابك واسمك الاعظم وجدك الاعلى وكلماتك التامة)

''اے اللہ! میں تیرے عرش کے مقامات عزت تیری کتاب کے انتہائے رحمت تیرے اسم اعظم تیرے بلند وبالا مقام اور تیرے مکمل کلمات کے وسیلہ سے تجھ سے سوال کرتا ہوں۔''

اور پھر اپنی حاجت و ضرورت کےلیے سوال کرو، پھر اپنے سر کو سجدہ سے اٹھا لو اور دائیں بائیں سلام پھیرو۔ یہ دعا بیوقوف لوگوں کو نہ سکھاؤ، کیونکہ وہ بھی اگر اس طرح دعا کریں تو ان کی دعا بھی قبول ہو جائے گی۔ اس حدیث کو امام حاکم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ جزاکم اللہ خیرا

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث منکر ہے، نبی کریم ﷺ سے ثابت نہیں ہے، بلکہ نبی ﷺ نے تو یہ فرمایا ہے:

(أَلَا وَإِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَقْرَأَ الْقُرْآنَ رَاكِعًا أَوْ سَاجِدًا، ((صحيح مسلم الصلاة باب النهى عن قراءة القرآن فى الركوع والسجود حديث: 479)

''خبردار! آگاہ رہو کہ مجھے رکوع یا سجدہ کی حالت میں قرآن مجید پڑھنے سے منع کر دیا گیا ہے۔''

لہٰذا یہ مناسب نہیں کہ انسان بحالت سجدہ قرآن پڑھے۔ البتہ اگر کوئی قرآنی دعا مثلاً:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ٨ ... سورة آل عمران

''اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دل ٹیڑھے نہ کردے اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی بہت بڑی عطا دینے والا ہے۔''

یا مثلاً:

رَبَّنا ءاتِنا فِى الدُّنيا حَسَنَةً وَفِى الءاخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنا عَذابَ النّارِ ﴿٢٠١﴾... سورة البقرة

''اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں نیکی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں عذاب جہنم سے نجات دے۔''

اس طرح کی دعا تو جائز ہے لیکن رکوع اور سجدہ کی حالت میں قرآن مجید کی تلاوت ممنوع ہے حتیٰ کہ بعض اہل علم نے تو یہاں تک کہا ہے کہ رکوع اور سجدہ کی حالت میں قرآن مجید کی تلاوت سے نماز باطل ہو جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

# ج4ص146

### محدث فتویٰ